| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

## سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

### حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ انسانی زندگی کے لیے قُدرتی وسائل جیسے: زمین، ہوا، پانی اور سورج وغیرہ بہت ضروری ہیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو قدرتی وسائل کا مختصراً تعارف دیں۔ طلبہ کو بتائیں قدرتی وسائل (زمین، ہوا، پانی) ہمارے لیے بہت اہم ہیں۔ یہ سب چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کی ہیں۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 22 پر موجود متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو قُدرتی ماحول کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایسا ماحول ہے جہاں جان دار اور بے جان اشیا قدرتی طور پر پائی جاتی ہیں۔
- انھیں بتائیں ہمارا ملک پاکستان قُدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ قُدرتی وسائل سے مراد ایسی چیزیں ہیں جو قدرت نے ہمارے فائدے کے لیے پیدا کی ہیں۔ اور یہ ہماری بقا کے لیے بہت اہم ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمین قدرتی وسائل میں سے ایک ہے اس پر رہنے کے لیے ہم گھر بناتے ہیں۔ زمین پر کھیتی باڑی کر کے ہم اناج اُگاتے ہیں۔ اس کے علاوہ زمین سے معدنیات نکلتی ہیں۔ مثلاً کوئلہ، گیس، لوہا اور تیل وغیرہ۔

### مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| مداخلت | مُ۔دا۔خَ۔لَت | دخَل |
| عطا | عَ۔طا | انعام۔کوئی چیز کسی کو دینا |
| بقا | بَ۔قا | باقی رہنا۔قیام |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سرگرمی (ا) کے سوال (الف) اور (ب) کے جواب طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

استاد صاحب کی مدد سے قُدرتی وسائل اور ان سے بننے والی اشیا کے ناموں کی فہرست بنائیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:___________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل |
|---|---|---|

**سوال 1:** **سوالات کے جواب دیں۔**

ا۔ زمین میں پائی جانے والی چند معدنیات کے نام لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

۲۔ زمین ہمارے لیے کس طرح اہم ہے؟ چند جملے لکھیں۔

________________________________________

________________________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 8 دوسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ انسانی زندگی کے لیے قُدرتی وسائل جیسے: زمین، ہوا، پانی اور سورج وغیرہ بہت ضروری ہیں۔
- قُدرتی وسائل کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ اور طلبہ کو قُدرتی وسائل کی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ ہم اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قُدرتی وسائل کا استعمال کرتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 23 کے آخری اور صفحہ نمبر 24 کے پہلے پیرا گراف کا متن پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو پانی کی اہمیت بتائیں کہ پانی تمام جان داروں کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے اس کے بغیر زندگی کا تصوّر ممکن نہیں۔ ہم اپنے روزمرہ کاموں کے لیے پانی کا استعمال کرتے ہیں جیسے نہانے کے لیے کپڑے اور برتن دھونے کے لیے، کھانا پکانے کے لیے وغیرہ، اسی طرح سمندروں اور دریاؤں سے ہم کھانے کے لیے مچھلیاں پکڑتے ہیں۔
- طلبہ کو سورج کی اہمیت بتائیں کہ سورج سے ہمیں روشنی اور حرارت حاصل ہوتی ہے۔
- انھیں ہوا کی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ ہوا میں ہم سانس لیتے ہیں جبکہ پودے ہوا میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ اور سورج کی روشنی کی مدد سے اپنی خوراک تیار کرتے ہیں۔

## مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فراہم | فَ۔را۔ہم | اکٹھا۔جمع |
| موجودگی | مو۔جُو۔دَ۔گی | حاضری |
| وسائل | وَ۔سا۔ئِل | وسیلہ کی جمع۔ذرائع |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

سرگرمی (ا) کا سوال (ج) طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔

سرگرمی (۲) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

قُدرتی وسائل سے متعلق چند اہم نکات اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی ماحول اور وسائل |
|---|---|---|

سوال 1: سوالات کے جواب دیں۔

ا۔ پانی کی روزمرہ زندگی میں اہمیت بیان کریں۔

______________________________

______________________________

۲۔ پودے اپنی خوراک کیسے تیار کرتے ہیں؟

______________________________

______________________________

۳۔ روشنی اور حرارت کا سب سے بڑا ذریعہ کیا ہے؟

______________________________

______________________________

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 8 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی ماحول اور وسائل

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قُدرتی وسائل کی اہمیت جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے سوالات پوچھیں: قُدرتی وسائل سے کیا مراد ہے؟ ہوا اور پانی ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟ سورج سے ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے؟ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں ہمیں ان قُدرتی وسائل کی قدر کرنی چاہیے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 23 کی پڑھائی مکمل کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے چند قدرتی وسائل کے نام پوچھیں۔ انھیں بتائیں اگر ہم قُدرتی وسائل کا بے جا استعمال کریں گے تو یہ ختم ہو جائیں گے۔ سوچیں! کیا ہم پانی اور تازہ ہوا کے بغیر زندہ رہ سکتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں ہمیں قدرتی وسائل کو احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے، کیونکہ یہ ہماری بقا کے لیے بہت اہم ہیں۔
- طلبہ سے قدرتی وسائل کے بچاؤ کی تجاویز پوچھیں اور ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں جیسے:

⟸ نہانے اور برتن دھونے کے لیے پانی کے ضیاع سے گریز کریں۔

⟸ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں۔

⟸ دن کے وقت سورج کی روشنی کا استعمال کریں اور فالتو بلب وغیرہ بند رکھیں۔

⟸ ٹرانسپورٹ کا بے جا استعمال نہ کریں۔

- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ مندرجہ بالا اقدامات پر عمل کرنے سے ہی ہم قدرتی وسائل کا زیادہ لمبے عرصے تک استعمال کر سکیں گے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حاصل | حا۔صل | وصول |
| شامل | شا۔مل | اِکٹھا۔ملا ہوا |
| اُگتی ہیں | اُگ۔تی ہیں | بیج میں سے پودے نکلتے ہیں۔ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔ درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

قُدرتی وسائل کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے چند مزید تجاویز اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔